# 13243 ـ طلاق كے كچھ اسباب

**سوال**

آپ كے نظرميں طلاق كے اسباب كيا ہيں ؟

**پسنديده جواب**

الحمد للہ.

طلاق كے اسباب بہت ہيں جن ميں سے كچھ مندرجہ ذيل ہيں :

خاوند اوربيوى كے درميان عدم موافقت ، وہ اس طرح كہ كسى ايک كى طرف سے دوسرے كے ليے محبت نہ ہو ، يا پھر دونوں ہى ايک دوسرے سے محبت نہ كريں ـ

ـ عورت كا بداخلاق ہونا ، يا پھرنيكى اوربھلائى كے كاموں ميں خاوند كى سمع واطاعت نہ كرنا ـ

ـ خاوند كا بداخلاق ہونا اورعورت پرظلم وزيادتى اورناانصافى كرنا ، اوربيوى كے حقوق كى ادائيگى نہ كرسكنا ـ

ـ بيوى اپنے خاوند كے حقوق ادا نہ كرسكتى ہو ـ

ـ دونوں ميں سے كسى ايک كا معصيت وگناہ ميں مبتلا ہونا يا پھر دونوں ہى گناہ ميں ملوث ہوں ، جس كى بنا پر ان كے حالات بگڑ جائيں ، جس كے نتيجے ميں طلاق ہوجائے ـ

مثلا خاوند نشہ كا عادى ہويا پھر سگرٹ نوش ، يا بيوى نشہ كرتى ہواورسگرٹ نوش ہو ـ

ـ بيوى اورساس سسر يا پھر ان ميں سے كسى ايک كے ساتھ بہو كے معاملات خراب ہوں ، اوروہ ان كے معاملہ ميں كوئى حكمت بھرى سياست نہ كرسكے ـ

ـ بيوى كا خاوند كے ليے صاف ستھرااور بن سنور كرنہ رہنا اوراچھا لباس اورخوشبواستعمال نہ كرنا ، اسى طرح اچھى اور محبت بھرى كلام نہ كرنا ، ہشاش بشاش چھرے سے نہ ملنا وغيره ـ

واللہ اعلم .